© rasailojaraid.com



ہماری دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور طلبۂ دین کے لیے نافع بنائے اور بقیہ جلدوں پر کام میں آسانی پیدا فرمائے۔ آمین　　(مبصر: مفتی نجم الحق)

● **کتاب: افکارِ علوی　　مقرر: مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ　　مرتب: مولانا عزیز الرحمٰن خورشید**

**ضخامت: ۲۰۸ صفحات　قیمت: ۲۰۰ روپے　　ناشر: الفیصل ناشرانِ کتب، اردو بازار لاہور**

اللہ تعالیٰ درجات بلند فرمائے، حضرت مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ ماضی قریب کے ایک نادرۂ روزگار بزرگ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بے انتہا صلاحیتوں سے نوازا تھا اور دینِ حنیف کی خدمت کرنے کی توفیق بخشی تھی۔ تصنیف وتالیف، ترجمہ، تحقیق، علم وحکمت اور وعظ ونصیحت وخطابت جیسے دین کے شعبوں میں ان کی سرگرمیاں اہلِ علم حضرات کو ہمیشہ یاد رہیں گی۔ موصوف صحتِ عقائد، پاکیزگیٔ منہج، صفائے مأخذ اور عمدگیٔ اخلاق کے عمدہ مراتب پر فائز تھے۔

زیرِ نظر کتاب مولانا مرحوم کی ۳۷ ریڈیائی تقاریر کا مجموعہ ہے جسے مرحوم کے برادرِ محترم اور ہمارے کرم فرما مولانا عزیز الرحمان خورشید مدظلہ نے مرتب ومبوّب فرمایا ہے۔ کتاب چھے ابواب پر مشتمل ہے جن میں قرآنیات، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، سیر الصحابہ، عقائد، عبادات، احسان وغیرہ جیسے موضوعات شامل ہیں۔

کتاب کے آخر میں مولانا سعید الرحمٰن علوی مرحوم ومغفور کا ایک مختصر سوانحی خاکہ بھی شامل اشاعت کیا گیا ہے۔ آخر میں خانقاہ سراجیہ کے سجادہ نشین حضرت مولانا خلیل احمد مدظلہ کے مکتوب گرامی کا اقتباس پیشِ خدمت ہے جس میں حضرت موصوف نے زیرِ نظر کتاب پر اپنی رائے عالی کا اظہار فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں:

> ''ماشاء اللہ علمی شہ پاروں کا گل دستہ ہے، اندازِ بیان فصیحانہ ہے۔ ہر باب کا مرکزی محور عشقِ رسالت واتباعِ سنت ہے۔ فقیر افادۂ عام کے لیے خواص وعوام کو توجہ دلاتا ہے کہ اس کتاب کو ضرور مطالعہ میں رکھیں ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ حضرت علوی صاحب کی اس محنت کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔ آمین''　　(مبصر: صبیح ہمدانی)

● **کتاب: گلِ صد پارہ　　مرتب: مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی**

**ناشر: سہ ماہی الزیتون فضل کالونی بائی پاس روڈ، نیو اڈا، مردان　ضخامت: ۱۲۸　　قیمت: درج نہیں**

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کی تالیف ''بنیاد کا پتھر'' کو علمی وادبی حلقوں میں بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی اور اُن کی اس ادبی کاوش کو بے حد سراہا گیا۔ کتاب کی اشاعت پر اہلِ ذوق واہلِ قلم حضرات نے جن تاثرات کا اظہار کیا، ان مضامین وتاثرات کو ''سہ ماہی الزیتون'' (مردان) نے خصوصی اشاعت کا موضوع بنایا ہے اور ''گلِ صد پارہ'' کے عنوان سے یکجا کر کے شائع کیا ہے۔

● **کتاب: ''ماہنامہ آبِ حیات'' اشاعتِ خاص سیرت النبی ﷺ نمبر　　قیمت: چالیس روپے**

مولانا محمود الرشید حدوٹی کی زیرِ ادارت ماہنامہ آبِ حیات (لاہور) سے شائع ہوتا ہے۔ ماہ جنوری ۲۰۱۴ء کے



© rasailojaraid.com